103

II

Total No. of Questions - 16
Total No. of Printed Pages - 4

Regd. No.

Part - II

URDU, Paper - I

(Second Language)

Time : 3 Hours] [Max. Marks :

تمام سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ ہر سوال کے نشان محاذی درج ہیں۔

مندرجہ ذیل اشعار سے کسی دو کی تشریح کیجئے : $2 \times 3 = 6$

(1) محبت میں نہیں ہے فرق جینے اور مرنے کا
اُسی کو دیکھ کر جیتے ہیں جس کافر پہ دم نکلے

(2) جس سر کو غرور آج ہے یاں تاج وری کا
کل اس پہ یہیں شور ہے پھر نوحہ گری کا

(3 طبعیت اپنی گھبراتی ہے جب سنسان راتوں میں
ہم ایسے میں تیری یادوں کی چادر تان لیتے ہیں

(4 مگر لکھوائے کوئی اُس کو خط تو ہم سے لکھوائے
ہوئی صبح اور کان پر دھر کر قلم نکلے

ن کے حوالے سے کوئی دو جملوں کی تشریح کیجئے : $2 \times 5 = 10$

''اجی واہ خوب کہو ہو اللہ کا کرنا تھا، اجی وہ تو دیوے ہے اُسے لے کے کیا کرنا۔''

''ظرافت مزاج میں اس قدر تھی کہ اگر اُن کو بجائے حیوانِ ناطق کے حیوانِ ظریف کہا جائے تو بجا ہے۔''

''وہ اُن کا ہاتھ پکڑتی تھی۔ اُس کی رہنمائی سے وہ لوگ گوشۂ قناعت میں جا بیٹھے تھے۔''

''اُس وقت مرزا صاحب اُسی کوٹھری میں کسی دوست کے ساتھ چوسر یا شطرنج کھیل رہے تھے۔''

3. ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے : $1 \times 8 = 8$

(1) ایک پہاڑ اور گلہری

(2) مُناجات

4. ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھئے : $1 \times 8 = 8$

(1) مضمون ''باغِ امید کے دو دروازے'' کا خلاصہ لکھئے۔

(2) افسانہ ''اللہ دے بندہ لے'' کا خلاصہ لکھئے۔

5. ذیل میں سے کوئی ایک سوال کا جواب لکھئے : $1 \times 8 = 8$

(1) مضمون ''قدیم اردو (دکنی) میں نیچرل شاعری'' کا خلاصہ لکھئے۔

(2) مضمون ''کھویا ہوا چاند'' میں حیات بخش بیگم کے کردار پر روشنی ڈالئے۔

6. ذیل میں سے کوئی دو سوالات کے جوابات دیجئے : $2 \times 5 = 10$

(1) ساحؔر لدھیانوی کی شاعرانہ خصوصیات پر مختصراً لکھئے۔

(2) محمد قلی قطب شاہ کی حالاتِ زندگی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(3) مرزا غالبؔ کے حالاتِ زندگی پر ایک نوٹ لکھئے۔

(4) شاعر میر تقی میرؔ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

7. مندرجہ ذیل سوالات کے صحیح جوابات لکھئے : $5 \times 1 = 5$

(1) محمد قلی قطب شاہ کی وفات کس سنہ میں ہوئی ؟

(2) ''ارمغانِ حجاز'' کس شاعر کا شعری مجموعہ ہے؟

(3) نظم ''اے شریف انسانو!'' کس پس منظر میں لکھی گئی ؟

(4) شاعر علامہ اقبالؔ کے کسی دو شعری مجموعوں کے نام بتایئے۔

(5) کالج کے زمانے میں ساحؔر لدھیانوی کس جریدوں کے ایڈیٹر رہے؟

8. خالی جگہوں کو صحیح جوابات سے پُر کیجئے : $5 \times 1 = 5$

(1) محمد حسین آزاد کا انتقال ________ سنہ میں ہوا۔

(2) ________ تصنیف کو اردو تنقید میں سنگِ میل کی حیثیت حاصل ہے۔

(3) مضمون ''اللہ دے بندہ لے'' کے مصنف کا نام ________ ہے۔

(4) حالؔی کی مسدس کا نام ________ ہے۔

(5) ''باغِ امید کے دروازے'' محمد حسین آزاد کی کتاب ________ سے لیا گیا ہے۔

9. مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھ کر نیچے دیئے سوالات کے جوابات لکھئے : $5 \times 1 = 5$

''الغرض مرزا کی کوئی بات لطف اور ظرافت سے خالی نہ ہوتی تھی۔ مرزا کی نہایت مرغوب غذا گوشت کے سوا اور کوئی چیز نہ تھی۔ وہ اپنے دوستوں کے ساتھ جو گردشِ روزگار سے بگڑ گئے تھے نہایت شریفانہ طور سے سلوک کرتے تھے۔ مرزا اپنے دوستوں کی خوشی سے خوش اور اُن کے غم سے غمگین ہوتے تھے۔ وہ غریبوں اور محتاجوں کی مدد اپنی بساط سے زیادہ کرتے تھے۔''

(1) مرزا کی ہر بات کس طرح کی ہوا کرتی تھی ؟

(2) مرزا کی پسندیدہ غذا کیا تھی ؟

(3) مرزا اپنے دوستوں کے ساتھ کس قسم کا سلوک کرتے تھے ؟

(4) مرزا اپنے دوستوں کے ساتھ کن حالات میں شریک رہا کرتے تھے ؟

(5) مرزا کس کی مدد اپنی بساط سے زیادہ کرتے تھے ؟

10. ذیل کی تعریف کرتے ہوئے مثالیں بھی درج کیجئے : $5 \times 1 = 5$

(1) اسمِ ذات   (2) عرف   (3) اسمِ جمع

(4) اسمِ خاص   (5) اسمِ ظرف

11. صفت کی تعریف کرتے ہوئے اُس کی قسموں کے نام بتایئے۔ $1 \times 5 = 5$

12. ذیل کے جملوں میں صفت کی نشاندہی کریں : **5 × 1 = 5**

(1) آم پسندیدہ میوہ ہے۔

(2) محنتی طالب علم ضرور کامیاب رہتے ہیں۔

(3) وہ شخص احساسِ کمتری میں مبتلا ہے۔

(4) چیتا تیز رفتار جانور ہے۔

(5) بدبودار گلیوں سے گزرنا بہت دشوار ہے۔

13. کوئی پانچ الفاظ کی ضد لکھیے : **5 × 1 = 5**

(1) سیاہ	(2) سچ	(3) چھوٹا	(4) اوّل	(5) آگے
(6) آگ	(7) دن	(8) نیا	(9) کمزور	(10) تاریکی

14. ذیل میں سے کسی پانچ الفاظ کے واحد یا جمع لکھیے : **5 × 1 = 5**

(1) تصویر	(2) احادیث	(3) مدارس	(4) عمل	(5) ذکر
(6) کرسی	(7) مسجد	(8) اشجار	(9) سبق	(10) شاعر

15. مندرجہ ذیل میں سے کسی پانچ الفاظ کے مذکر یا مونث لکھیے : **5 × 1 = 5**

(1) ناگن	(2) ہاتھی	(3) دادا	(4) مکڑی	(5) محترم
(6) بھائی	(7) شیشی	(8) ٹوکری	(9) نوکر	(10) مصنف

16. انگریزی الفاظ کا اُردو میں ترجمہ کیجیے : **5 × 1 = 5**

(1) Person (2) Nature (3) Literature

(4) Poetess (5) Paper